109195 ـ اگر بیوی مسلمان نہ ہو تو کیا خاوند علیحدہ ہو جائے

سوال

اگر ایك شخص اسلام قبول كر لے اور اس كی بیوی اسلام قبول نہ كرے تو كیا وہ بیوی سے علیحدہ ہو جائے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس میں دیكھا جائیگا كہ: اگر بیوی یہودیہ یا نصرانیہ ہے تو پھر اس سے علیحدہ ہونا لازم نہیں، كیونكہ مسلمان مرد كے لیے یہودیہ یا نصرانیہ عورت سے ابتداءً ہی شادی كرنا جائز ہے، اور اسی طرح بعد میں بھی.

لیكن اگر بیوی یہودی یا عیسائی نہیں، تو جب خاوند مسلمان ہو جائے تو یہ نكاح فسخ ہو جائیگا، كیونكہ وہ مرد اس كے لیے حلال نہیں رہا، اور نہ ہی وہ عورت اس كے لیے حلال رہی ہے، لیكن اسے عدت گزرنے تك كی مہلت دی جائیگی، اگر تو وہ عدت كے دوران مسلمان ہو گئی تو وہ اس كی بیوی ہے، اور اگر اسلام قبول نہیں كرتی اور عدت گزر گئی تو جب سے خاوند مسلمان ہوا ہے اس كا نكاح فسخ ہوگا " انتہی

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ .